سوال

(52) مسلمان ہونے کے لئے ایک مذہب حنفی شافعی وغیرہ ہونا الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسلمان ہونے کے لئے ایک مذہب حنفی شافعی وغیرہ ہونا خدا اور رسول ﷺ نے شرط کیا ہے یا نہیں؟ اور پیغمبر صاحب اور اصحاب رضوان اللہ عنہم اجمعین اور اماموں کے وقت میں لوگ حنفی یا شافعی وغیرہ کہلاتے تھے یا نہیں اور اماموں نے اپنی تقلید کرنے کو کہا ہے یا نہیں؟ اور پیغمبر صاحب ﷺ کے بعد کئی سو برس تک مسلمان لوگ تقلید ایک امام خاص کی نہین کرتے تھے۔ اوروہ مسلمان غیر مقلد اصحاب رضوان اللہ عنہم اجمعین اورتابعین اچھے اورسچے مسلمان تھے یا ان کے بعد کے مقلدین حنفی شافعی کہلانے والے حدیث اورقرآن کے عامل سے ناراض ہونے والے اچھے ہیں۔ اور پیغمبر صاحب ﷺ نے صحابہ رضوان اللہ عنہم اجمعین اورتابعین غیر مقلد لوگ کے زمانے کو اچھا کہا ہے۔ یا نہیں۔ اوراس کے بعد کے زمانے میں جھوٹ اورگناہ پھیلنے کی خبر دی ہے۔ یا نہیں قوی دلیل سے بیان کیجے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

نام میرا مولوی عبد الحئی ابن مولوی عبد االحلیم صاحب ساکن فرنگی محل عمر تخمینا 33 سال بقول صالح بیان کرتا ہوں۔ حنفی ہونا مسلمان میں شرط نہیں کیا گیا اور پیغمبر صاحب ﷺ اصحابرضوان اللہ عنہم اجمعین اورامام کے وقت میں حنفی شافعی وغیرہ سے مسلمان سوم نہ تھے۔ اماموں نے اپنے قول کی تقلید کی اجازت دی ہے۔ اس حالت میں جب خلاف قرآن و حدیث نہ ہو۔ مسلمان زمانہ اصحابرضوان اللہ عنہم اجمعین اورتابعین کے اچھے تھے ان لوگوں سے جو عامل مقلدین قرآن وحدیث سے ناراض ہیں اور پیغمبر صاحب ﷺ نے زمانہ صحابہرضوان اللہ عنہم اجمعین تابعین اور تبع تابعین کو اچھا کہا ہے اور پچھلے زمانے میں جھوٹ اورگناہ پھیلنے کی خبر دی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 11 ص 181

محدث فتویٰ